نقد و نظر

اسلامی حدود اور ان کا فلسفہ مع اسلام کا نظامِ احتساب

تصنیف : مولانا سید محمد متین ہاشمی

ناشر : مرکزِ تحقیق، دیال سنگھ ٹرسٹ لائبریری۔ نسبت روڈ۔ لاہور

ملنے کا پتہ : کتب خانہ شانِ اسلام۔ اردو بازار۔ لاہور

صفحات : ۹۶۔ قیمت چھ روپے

مولانا سید محمد متین صاحب ہاشمی (ایم۔ اے، ریسرچ ایڈوائزر دیال سنگھ لائبریری) کی ذات کسی تعا
کی محتاج نہیں ہے۔ وہ مشہور عالم، مصنف اور محقق بزرگ ہیں۔ زیرِ نظر کتاب — اسلامی حدود اور ان کا فلسفہ —
ان کی تازہ تصنیف ہے۔ یہ کتاب اگرچہ مختصر ہے تاہم بڑی مدلل ہے اور مسئلہ زیرِ بحث کے تمام اہم گوشوں ک
محیط ہے۔ اس میں اسلام کے نظام احتساب پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے۔ کتاب کا یہ موضوع وقت کی صحیح آواز
اس میں حدود شرعیہ کا فلسفہ، اجرائے حد میں احتیاط، شرعی حدود اور اس کی مصلحتیں، موجب حد اور غیر موج
حد سرقے، چوری کی قسمیں وغیرہ امور پر عمدہ انداز سے بحث کی گئی ہے۔ فاضل مصنف نے اختصار مگر جامعیت
کے ساتھ اس سلسلے کے تمام مسائل کو ہدفِ بحث ٹھہرایا ہے اور کتاب و سنت اور فقہ اسلامی کی روشنی میں ا
کو منقح کیا ہے۔ اس ضمن میں بعض لوگوں کی طرف سے جو اعتراضات وارد کیے جاتے ہیں، ان کے بھی تسلی بخش
جواب دیے ہیں۔ کتاب کے مندرجات سے اہلِ علم کو استفادہ کرنا چاہیے۔ ایک مسلمان کے لیے ان سے باخبر ہونا ضرو

اسلام میں ضابطۂ تجارت

تالیف : مولانا عبدالرحمٰن کیلانی

ناشر : مکتبۃ السلام، وسن پورہ۔ لاہور

صفحات : ۱۵۰۔ قیمت ۵/ روپے

یہ کتاب تجارت کے موضوع پر مشتمل ہے، اور دس ابواب کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔ کتاب کے مشمولا